موضع دھریالہ جالپ تحصیل پنڈ دادنخان میں ختم نبوت کانفرنس

مورخہ 24 ستمبر بروز ہفتہ بعد نماز عشاء دھریالہ جالپ تحصیل پنڈ دادنخان میں عظیم الشان ختم نبوت کانفرنس زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر منعقد ہوئی۔ پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض کنویئنر کانفرنس مولانا حسین علی قاسمی نے سرانجام دیئے۔ کانفرنس سے مولانا رضا اللہ صابر، انعام اللہ عثمانی اور مناظر اسلام مولانا محمد عمر صدیق نے خطاب کیا۔ رئیس الجامعہ کی دعا سے یہ کانفرنس تکمیل پذیر ہوئی۔ اس کانفرنس میں جہلم سے نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی اور مولانا قطب شاہ نے شرکت کی۔ علاوہ ازیں دھریالہ جالپ کے علاوہ منڈی بہاؤالدین، چکوال، آڑہ بشارت، پنڈ دادنخان، بھیلووال اور دیگر علاقوں سے کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

وفیات

افتخار احمد مغل (مجاہد آباد) محمد آصف مغل وہمایوں اختر مغل (اسلام گڑھ) کو صدمہ

مورخہ 15 اگست بروز سوموار افتخار احمد مغل کی خالہ محترمہ وخوشدامن اور محمد آصف مغل وہمایوں اختر مغل کی والدہ محترمہ اسلام گڑھ آزاد کشمیر میں وفات پاگئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ اسلام گڑھ میں مولانا محمد اشرف اوکاڑوی نے پڑھائی۔

مولانا محمد منصور امام ومدرس جامع مسجد حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ اہل حدیث دینہ کو صدمہ

مورخہ 8 ستمبر بروز جمعرات مولانا محمد منصور امام و مدرس جامع مسجد حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ اہل حدیث کے والد محترم حاجی اختر حسین ہارٹ اٹیک سے وفات پاگئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوٰۃ کے پابند اور بااخلاق انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ مولانا محمد ابراہیم سرپرست مرکزی جمعیت اہل حدیث چکوال نے ملتان خورد (ضلع چکوال) میں پڑھائی۔

زاہد محمود، طلعت محمود اور باؤ عبدالاحد (حاجی آئمہ) کو صدمہ

مورخہ 16 ستمبر بروز جمعۃ المبارک زاہد محمود وطلعت محمود کے والد محترم اور باؤ عبدالاحد کے بڑے